# بے نمازی ہونے سے نکاح پر اثر پڑتا ہے یا نہیں؟

دار الافتاء اہلسنت (دعوت اسلامی)

## سوال

کیا میاں بیوی میں سے کوئی ایک بے نمازی ہو جائے تو نکاح ٹوٹ جاتا ہے؟

## جواب

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

اَلْجَوَابُ بِعَوْنِ الْمَلِکِ الْوَهَّابِ اَللّٰهُمَّ هِدَایَةَ الْحَقِّ وَالصَّوَابِ

جان بوجھ کر نماز چھوڑنا سخت ناجائز و حرام اور گناہ کبیرہ ہے لیکن کفر نہیں ہے جبکہ فرض نماز کی فرضیت کا انکار نہ کرے، اسے ہلکا اور بے قدر نہ جانے اور قضا کرنے کو حلال نہ سمجھے، لہذا اس کی وجہ سے نکاح بھی نہیں ٹوٹے گا۔

مومن کسی گناہ کبیرہ کے سبب اسلام سے خارج نہیں ہوتا، چنانچہ سیدی اعلیٰ حضرت علیہ الرحمۃ فرماتے ہیں: "اہلسنّت کا اجماع ہے کہ مومن کسی کبیرہ کے سبب اسلام سے خارج نہیں ہوتا ایسی جگہ نصوص کو علی اطلاقہا کفر و شرک مصطلح پر حمل کرنا اشقیائے خوارج کا مذہب مطرود ہے۔" (فتاوی رضویہ، جلد 21، صفحہ 131، رضا فاؤنڈیشن، لاہور)

مزید ایک مقام پر فرماتے ہیں: "اور اس طرف (یعنی تارک نماز کافر نہیں) بحمد اللہ نصوص شرعیہ سے وہ دلائل ہیں جن میں اصلاً تاویل کو گنجائش نہیں، بخلاف دلائل مذہب اول (یعنی تارک نماز کافر ہے) کہ اپنے نظائر کثیرہ کی طرح استحلال و استخفاف و جحود و کفران و فعل مثل فعل کفار وغیرہا تاویلات کو اچھی طرح جگہ دے رہے ہیں یعنی فرضیتِ نماز کا انکار کرے یا اُسے ہلکا اور بے قدر جانے یا اُس کا ترک حلال سمجھے، تو کافر ہے یا یہ کہ ترکِ نماز سخت کفرانِ نعمت و ناشکری ہے۔ "کما قال سیدنا سلیمٰن علیہ الصلاۃ والسلام لیبلونی ءاشکر ام اکفر" جیسا کہ سیدنا سلیمٰن علیہ الصلاۃ و السلام نے فرمایا "تاکہ مجھے آزمائے کہ میں شکر گزار بنتا ہوں یا ناشکرا" یا یہ کہ اُس نے کافروں کا سا کام کیا "الی غیر ذلک مما عرف فی موضعہ ومن الجادۃ المعروفۃ رد المحتمل الی المحکم لا عکسہ کما لا یخفی فیجب القول بالاسلام" اس کے علاوہ اور بھی توجیہات ہیں جن کی تفصیل ان کے مقام پر ملے گی، اور معروف راستہ یہی ہے کہ محتمل کو محکم کی طرف لوٹایا جائے، نہ کہ اس کا اُلٹ، جیسا کہ ظاہر ہے، اس لیے اسلام کا ہی قول کرنا پڑے گا۔" (فتاویٰ رضویہ، جلد 5، صفحہ 105-106، رضا فاؤنڈیشن، لاھور)

وَاللہُ اَعْلَمُ عَزَّوَجَلَّ وَرَسُوْلُہ اَعْلَم صَلَّی اللہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم

**مجیب:** مولانا محمد ابو بکر عطاری مدنی

**فتوی نمبر:** WAT-4246

**تاریخ اجراء:** 15ربیع الاول1447ھ/09ستمبر2025ء


Dar-ul-IftaAhlesunnat (Dawat-e-Islami)

www.fatwaqa.com | daruliftaahlesunnat | DaruliftaAhlesunnat

Dar-ul-ifta AhleSunnat | feedback@daruliftaahlesunnat.net